کی عام معلومات میں اضافہ کرنے والی بھی ہیں۔ اس لئے اردو زبان کے بچے اور بچیاں ان سے بے تکلف فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

سچی باتیں حصہ چہارم | از انوار الحسن صاحب ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۶ر پتہ :۔ وہی مذکورہ بالا۔

یہ رسالہ بھی بچوں اور بچیوں کے لئے لکھا گیا ہے جس میں اسلامی اخلاق و کردار پر چند سبق ہیں اور ہر سبق کے آخر میں سبق سے متعلق کچھ سوالات بھی ہیں۔ یہ رسالہ مکاتب کے نصاب میں شامل ہونے کے لائق ہے۔

حضرت ابوذر غفاری اشتراکی نہ تھے | از جناب اختر علی صاحب ندوی تقطیع خورد ضخامت ۲۷ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۰ر پتہ :۔ مکتبۂ جامعۃ الٰہیات چمن گنج کانپور۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضرت ابوذر غفاری بھی کمیونسٹ تھے۔ یہ رسالہ اسی بات کی تردید میں لکھا گیا ہے۔ حضرت ابوذر غفاری پر مولانا مناظر احسن گیلانی نے الفاسم دیوبند کے دورِ اول میں مسلسل ایک طویل مقالہ لکھا تھا جو بعد میں مولوی محمد طاہر مرحوم نے کتابی صورت میں چھاپ دیا تھا زیر تبصرہ رسالہ میں حضرت ابوذر غفاری کے مختصر حالات بیان کرنے کے بعد اشتراکیت اور اسلام کا فرق واضح کیا گیا ہے اور اس سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ آپ اشتراکی نہیں تھے ہمارے خیال میں حضرت ابوذر اصطلاحی معنی کے اعتبار سے اشتراکی یا کمیونسٹ تو یقیناً نہیں تھے۔ لیکن بہرحال معاشی اور اقتصادی مسائل میں سوشلسٹ اصول کے حامی ضرور تھے اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

کتاب نمبر کیا ہے | از جناب حاجی محمد زبیر صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ/ پتہ :۔ فرحت منزل بدر باغ۔ علی گڈھ

حاجی محمد زبیر صاحب مسلم یونیورسٹی کے بہت پرانے اسسٹنٹ لائبریرین ہیں۔ انھوں نے اس دیرینہ تجربہ سے دوسرے لوگوں کو مستفید کرنے کی غرض سے فنِ لائبریری پر مختلف عنوانات کے ماتحت چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھنے کا پروگرام بنایا ہے یہ کتاب اسی سلسلہ کی پہلی کڑی ہے جو واقعی